**14.08.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
Music

................................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت گوناگونیت اور تکثریت کے ساتھ ایک متحد ملک کے طور پر آگے بڑھ رہا ہے۔ 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر قوم سے اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے سماجی انصاف پر حکومت کی توجہ کو اجاگر کیا۔
☆ صدر جمہوریہ نے ملک کی ترقی کے سفر میں کسانوں، محنت کشوں، دور اندیش پالیسی سازوں اور دولت پیدا کرنے والے افراد کے تعاون کی ستائش کی۔
☆ ملک کل اپنا یومِ آزادی منانے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں لال قلعہ کی فصیل سے قوم سے خطاب کریں گے۔
☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک کے دفاعی سیکٹر کو خود کفیل بنانے کیلئے متعدد اصلاحات کیے ہیں۔
☆ بھارت نے روس کے برانسک، بلغراد اور **Kursk** خطے میں مقیم بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سیکیورٹی کے حالیہ واقعات کے پیشِ نظر ضروری احتیاط برتیں۔

................................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

***Prez Speech***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ بھارت گوناگونیت اور تکثیریت کے ساتھ متحد ہوکر آگے بڑھ رہا ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ پرانے طور طریقوں کو ترک کیا جائے جو سماجی عدم مساوات کو فروغ دیتے ہیں۔ یوم آزادی کے موقع پر قوم سے اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہر کسی کی شمولیت، ملک کی سماجی زندگی کے ہر پہلو میں شامل ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ سبھی کی شمولیت کو یقینی بنانے کیلئے مثبت پہل ضروری ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ سماجی انصاف حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

S/B: Prez on Social Justice

انہوں نے آئین کے معمار ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی جمہوریت تب تک برقرار نہیں رہ سکتی جب تک اُس کی بنیاد سماجی جمہوریت پر نہ ہو۔

S/B: Prez on Ambedkar

صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے حکومت نے درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور سماج کے پسماندہ طبقوں کے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔ وزیر اعظم کی سماجی ترقی اور روزگار پر مبنی عوامی بہبود - پی ایم سوراج اور وزیر اعظم کا قبائلی انصاف مہا ابھیان وغیرہ کچھ ایسی ہی اسکیمیں ہیں۔

اقتصادی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت آٹھ فیصد کی اوسط سالانہ اقتصادی ترقی کے ساتھ دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت بن گیا ہے۔ اس سے نہ صرف لوگوں کے ہاتھ میں زیادہ پیسہ آیا ہے بلکہ غربت کی سطح سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد میں بھی نمایاں کمی آئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ فخر کی بات ہے کہ بھارت دنیا کی پانچویں بڑی معیشت بن گیا ہے اور جلد ہی تیسری بڑی معیشت بننے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک کے کسانوں، محنت کشوں اور منصوبہ سازوں کی کوششوں سے ہی ممکن ہوسکا ہے۔

S/B: Prez on Economy

دنیا میں بھارت کی مضبوط ہوتی ہوئی پوزیشن کا ذکر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ دنیا میں بھارت کا قد مساوات پر مبنی ترقی کے سبب بلند ہوا ہے۔ جی-20 گروپ کی کامیاب صدارت کے بعد، بھارت نے ایک ایسے ملک کے طور پر اپنی شبیہ کو مضبوط کیا، جو عالمی خطہ جنوب کی آواز بن گیا ہے۔ بھارت اپنی بااثر حیثیت کو عالمی امن اور خوشحالی کو وسعت دینے کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت نے اِس سال جولائی سے بھارتیہ نیائے سنہتا کو اپناتے ہوئے ایک اور نو آبادیاتی دور کے قانون کو ترک کر دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نیا قانون، سزا دلانے سے زیادہ انصاف فراہم کرنے پر زور دیتا ہے۔

حال ہی میں ختم ہونے والے لوک سبھا انتخابات کا حوالہ دیتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ دنیا میں اب تک کا سب سے بڑا انتخابی عمل ہے۔ انہوں نے انتخابی کمیشن کو آزادانہ، منصفانہ اور کامیاب انتخابات کے انعقاد پر مبارکباد دی۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ آج بھارت ملک کی تقسیم کے سانحہ کو یاد کر رہا ہے اور ان خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کر رہا ہے جو اس سانحہ کا شکار ہوئے تھے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ آج ملک آئین کی تشکیل کا 75 واں سال منانا رہا ہے۔

حکومت آئین میں درج انصاف، مساوات، آزادی اور بھائی چارے کے جذبے کو مضبوطی سے نافذ کرکے عالمی سطح پر بھارت کو مضبوط مقام دلانے کی کوشش کر رہی ہے۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت نے بھگوان برسا مُنڈا کی جینتی کو جَن جاتیہ گورو دِوس کے طور پر منانے کا

آغاز کیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے صنفی برابری اور ماحولیاتی مساوات پر بھی زور دیا ہے۔صنفی مساوات پر زور دیتے ہوئے صدر نے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ حکومت نے خواتین کی بہبود اور خواتین کو بااختیار بنانے کو یکساں اہمیت دی ہے۔

S/B: Prez - Women Empowerment

موسمیاتی تبدیلی پر صدر نے کہا کہ اب یہ حقیقت بن چکی ہے۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ انہیں گلوبل وارمنگ کے سنگین مضر اثرات سے زمین کو بچانے کے لیے انسانیت کی جانب سے کی جانے والی کوششوں میں بھارت کے قائدانہ کردار پر فخر ہے۔ انہوں نے ہر ایک سے گزارش کی کہ وہ اپنا طرز زندگی بدل کر موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں اپنا کردار نبھائیں۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے یہ امرت کال ہے۔ ان کی توانائی اور جوش کے بل بوتے پر ہی ملک نئی بلندیوں کو چھو لے گا۔

صدر جمہوریہ نے پیرس اولمپک گیمز میں شاندار کوششوں کے لیے بھارتی کھلاڑیوں کی لگن اور محنت کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کھیلوں کے فروغ کے لیے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو ترجیح دے رہی ہے۔

بھارت کے نوجوان کھلاڑی ہر طرح کے کھیلوں میں عالمی سطح پر اپنی موجودگی کا احساس دلارہے ہیں۔x

## PM Independence Day

وزیر اعظم نریندر مودی کل دلّی کے تاریخی لال قلعے سے 78 واں یومِ آزادی منانے میں ملک کی قیادت کریں گے۔ وہ قومی پرچم لہرائیں گے اور مشہور یاد گاری عمارت کی فصیل سے قوم سے خطاب کریں گے۔ اِس سال کے یومِ آزادی کا موضوع ہے، ''وِکسِت بھارت @ 2047''۔ وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ یومِ آزادی کی تقریبات 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک میں تبدیل کرنے کی حکومت کی کوششوں کو نئے سرے سے آگے بڑھانے کیلئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کریں گی۔ قومی جوش و جذبے سے بھرپور اِس تقریب میں جَن بھاگیداری کو بڑھانے کے جذبے کے ساتھ لال قلعہ میں یومِ آزادی کی تقریبات دیکھنے کیلئے تقریباً چھ ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔

زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اِن افراد، جن کی درجہ بندی نوجوانوں، قبائلی برادری، کسانوں، خواتین اور دیگر خصوصی مہمانوں کے طور پر کی گئی ہے، نے مختلف سرکاری اسکیموں اور اقدامات کی مدد سے زندگی کے مختلف شعبوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ حال ہی میں ختم ہونے والے پیرس اولمپکس میں حصہ لینے والے بھارتی دستے کو بھی تقریبات میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ روایتی پوشاک میں ملبوس مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تقریباً دو ہزار لوگوں کو بھی اِس عظیم الشان تقریب کا مشاہدہ کرنے کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ MyGov اور آکاشوانی کے اشتراک سے وزارتِ دفاع کے ذریعے منعقد کئے گئے مختلف آن لائن مقابلوں کے تین ہزار فاتحین بھی اِس جشن کا حصہ ہوں گے۔

ملک بھر کے مختلف اسکولوں سے تعلق رکھنے والے فوج، بحریہ اور فضائیہ کے دو ہزار کیڈٹس لڑکے اور لڑکیاں، اس تقریب میں شرکت کریں گی۔ x

**Rajnath - Armed Forces**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک کے دفاعی شعبے کو خود کفیل بنانے کی غرض سے کئی اصلاحات کی ہیں۔ آج شام یومِ آزادی کے موقع پر آکاشوانی سے مسلح افواج سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ گذشتہ دس برس میں گھریلو کمپنیوں سے چھ لاکھ کروڑ روپے کی مالیت کے دفاعی ساز و سامان خریدے گئے ہیں۔ وزیر موصوف نے اِس بات کا ذکر کیا کہ ملک مسلح افواج کیلئے ہتھیاروں، ٹینکوں، جنگی طیاروں، ہیلی کاپٹروں اور میزائل نظام کی تیاری میں مسلسل خود کفالت کی جانب آگے بڑھ رہا ہے۔

SB-2100-Rajnath-Reforms & DEF Production

مسلح افواج میں نوجوانوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ اَگنی پتھ اسکیم ملک کی طاقت میں اضافہ کرے گی۔ x

**Rajnath - J&K Meet**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جموں وکشمیر کی سلامتی کی صورتحال کے بارے میں آج نئی دلّی میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران فوج کے سربراہ Upendra Dwivedi کے ساتھ قومی سلامتی کے مشیر اجیت Doval بھی موجود تھے۔ x

**President Gallantry Awards**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے یومِ آزادی کے موقع پر مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اہلکاروں کو 103 شجاعت ایوارڈ دیئے جانے کی منظوری دی ہے۔ یہ ہیں : تین بعد از مرگ سمیت چار کیرتی چکر، چار بعد از مرگ سمیت 18 شوریہ چکر اور سینا میڈل شجاعت کیلئے ایک Bar ۔ شجاعت کیلئے ایوارڈس میں دو بعد از مرگ سمیت 63 سینا میڈلس، 11 نوسینا میڈلس اور 6 وایو سینا میڈلس شامل ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے

39 Mention-in-Despatches

کو بھی منظوری دی ہے، جن میں مختلف فوجی کارروائیوں میں گرانقدر خدمات کیلئے Army Dog Kent کو بعد از مرگ دیا جانا شامل ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے امتیازی خدمات کیلئے صدر کے پولیس میڈل اور شاندار خدمات کیلئے پولیس میڈل کو بھی منظوری دی ہے۔ x

**Gallantry And Service Medel**

پولیس، آگ بجھانے کے محکمے، ہوم گارڈز اور سِول ڈیفنس اور اصلاحی خدمات سے متعلق محکمے کے ایک ہزار 37 اہلکاروں کو یوم آزادی کے موقع پر شجاعت اور خدمات کے میڈلز سے نوازا گیا ہے۔ تلنگانہ پولیس کے ہیڈ کانسٹبل Chaduvu Yadaiah کو شجاعت کیلئے صدر کے میڈل سے سرفراز کیا گیا ہے۔ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ 213 اہلکاروں کو بہادری کے میڈل دیئے گئے ہیں۔ اس نے بتایا کہ امتیازی خدمات کیلئے صدر کے 94 میڈلز میں سے 75 پولیس سروس کو، 8 فائر سروس کو، 8 سِول ڈیفنس اور ہوم گارڈز کو اور تین اصلاحی خدمات کو دیئے گئے ہیں۔ 729 اہلکاروں کو شاندار خدمات کے لئے میڈلز سے نوازا گیا ہے۔ x

## J&K - Medals

جموں و کشمیر پولیس نے 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر شجاعت اور شاندار خدمات کیلئے 50 میڈل حاصل کئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مرکزی وزارتِ داخلہ کی جانب سے آج اعلان کردہ ایوارڈ پانے والوں کی فہرست میں جموں و کشمیر پولیس کے 50 اہلکار شامل ہیں۔ دو پولیس افسروں امتیاز حسین میر (ایس ایس پی) اور جوگیندر سنگھ (ایس ایس پی) کو امتیازی خدمات کیلئے President میڈل دیئے گئے ہیں، جبکہ جموں و کشمیر پولیس کے 31 اہلکاروں کو شجاعت کیلئے اور 17 کو شاندار خدمات کیلئے میڈل دیئے جائیں گے۔ x

## New Home Secretary

سینئر آئی ایس افسر گووند موہن کو آج نیا مرکزی داخلہ سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ وہ اجے کمار بھلا کی جگہ لیں گے، جن کی مدت اِس مہینے کی 22 تاریخ کو ختم ہورہی ہے۔ 1989 بیچ کے IAS افسر جناب موہن ، فی الحال ثقافت کی وزارت میں سکریٹری ہیں۔ کابینہ کی تقرریوں سے متعلق کمیٹی نے ، اُن کے نام کو منظوری دی ہے۔ x

## J&K Encounter

ہنر کے فروغ کے مرکزی وزیر جَینت چودھری نے کہا ہے کہ ابھرتی ہوئی ٹیکنا لوجی اور AI کے استعمال سے ملک میں ITIs کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ AI کی بدلاؤ کی طاقت کو بروئے کار لانے کیلئے طلباء کو تیار کرنا ایک اہم کردار ادا کرے گا کیونکہ 2025 تک بھارت کی GDP نشو و نما کے 500 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات نوئیڈا میں ایک تقریب میں کئی اہم اقدامات کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے کہی۔ x

## Indian Embassy - Advisory

ماسکو میں بھارتی سفارت خانے نے روس کے Bryansk ، Belgorod اور Kursk خطوں میں رہنے والے بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ضروری احتیاط برتیں اور عارضی طور پر اِن خطوں سے باہر چلے جائیں۔ سفارت خانے نے اِن تینوں خطوں میں سلامتی کے حالیہ واقعات کے پیش نظر آج ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اگر کسی

بھارتی شہری یا طالب علم کو مدد کی ضرورت ہے تو وہ ای میل edul.moscow@mea.gov.in یا ٹیلی فون نمبر Plus 7 965 277 3414 پر سفارت خانے سے رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ x

## Jayant Skill

ہنر کے فروغ کے مرکزی وزیر جَیَنت چودھری نے کہا ہے کہ ابھرتی ہوئی ٹیکنا لوجی اور AI کے استعمال سے ملک میں ITIs کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ AI کی بدلاؤ کی طاقت کو بروئے کار لانے کیلئے طلباء کو تیار کرنا ایک اہم کردار ادا کرے گا کیونکہ 2025 تک بھارت کی GDP نشو و نما کے 500 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات نوئیڈا میں ایک تقریب میں کئی اہم اقدامات کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے کہی۔ x

## NTA - UGC - NET

جموں و کشمیر کے ڈوڈا ضلعے میں آج ایک جھڑپ میں فوج کا ایک کیپٹن شہید ہوگیا اور باور کیا جاتا ہے کہ چار دہشت گردوں کو گولی مارکر ہلاک کردیا گیا ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جھڑپ میں ایک سویلین بھی زخمی ہوا ہے۔ حفاظتی دستوں اور علاقے میں چھپے ہوئے دہشت گردوں کے درمیان جھڑپ کل رات دیر گئے شروع ہوئی تھی۔x

## Maharashtra Awards

مہاراشٹر سرکار نے آج سرکردہ اداکارہ آشا پاریکھ اور اداکار شیواجی Satam کو 2023 کا لائف ٹائم اَچیومنٹ ایوارڈ دینے کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے ثقافتی امور کے وزیر Sudhir Mungantiwar نے آج ممبئی میں ایوارڈ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اداکارہ آشا پاریکھ کو راج کپور لائف ٹائم اَچیومنٹ ایوارڈ 2023 کیلئے، جبکہ اداکار شیواجی Satam کو Chitrapati V. Shantaram لائف ٹائم اَچیومنٹ ایوارڈ 2023 کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ x

## US Israel Arm Sale

امریکہ نے اسرائیل کو 20 ارب ڈالر کے ہتھیاروں کی فروخت کی منظوری دے دی ہے، جس میں لڑاکا طیارے اور فضاء سے فضاء میں مار کرنے والے جدید میزائل بھی شامل ہیں۔ امریکی محکمۂ خارجہ نے کل اِس کا اعلان کیا۔ اس نے کہا کہ اسرائیل کو ہتھیاروں کی ممکنہ فروخت میں 50 سے زیادہ F-15 لڑاکا طیارے ، درمیانہ درجے کے فضاء سے فضاء میں مار کرنے والے میزائل ، 120 ایم ایم کے ٹینک گولہ بارود اور زیادہ دھماکہ کرنے والے مورٹارس اور اہم فوجی گاڑیاں شامل ہوں گی۔ یہ ایک طویل مدتی معاہدہ ہے، جس میں F-15 جیٹ طیاروں کی فراہمی 2029 تک متوقع ہے۔ پنٹاگن نے کہا کہ امریکہ ، اسرائیل کی سکیورٹی کیلئے پُر عزم ہے اور ایک مضبوط اور اپنی دفاعی

صلاحیتوں کے حامل اسرائیل کی مدد کرنا نہایت ضروری ہے۔
ایران میں حماس کے رہنما اسماعیل ہنیہ اور لبنان میں حزب اللہ کے فوجی کمانڈر فواد Shukr کی حالیہ ہلاکتوں کے بعد کئی ارب ڈالر کا ہتھیاروں کا یہ معاہدہ مغربی ایشیا میں وسیع جنگ کے خدشے کے درمیان ہوا ہے۔ دونوں واقعات نے اسرائیل کے خلاف انتقامی کارروائی کے خطرات کو بڑھا دیا ہے۔ x

## Hockey Retired

ہاکی انڈیا نے مایہ ناز گول کیپر P.R. Sreejesh کی پہنی ہوئی 16 نمبر کی جرسی کو ریٹائر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ Sreejesh کے ریٹائرمنٹ کے بعد کیا گیا ہے، جنہوں نے حال ہی میں ختم ہونے والے پیرس کھیلوں میں بھارت کو لگاتار کانسے کا دوسرا اولمپک تمغہ دلانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆